ریفرینس نمبر: Aqs 1372　بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم　تاریخ: 07-08-2018

قرعہ اندازی اور قربانی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک دکاندار نے لوگوں کے لئے ایک پیکج کا اعلان کیا ہے کہ جو اس سے فریج یا دیگر چیزیں خریدے گا، وہ اس کا نام قرعہ اندازی میں شامل کریں گے اور قرعہ اندازی کا ٹوکن پچاس روپے کا الگ سے لینا ہو گا، جس کا نام قرعہ میں نکل آیا، اسے بکرا یا گائے وغیرہ دی جائے گی اور جس کا نام نہ نکلا، اس کے پچاس روپے واپس نہیں ملیں گے، تو یہ اسکیم شرعا کیسی ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پوچھی گئی صورت میں یہ انعامی طریقہ کار جوا ہے، جو بلا شک وشبہ ناجائز وحرام ہے، کیونکہ جس کا نام قرعہ اندازی میں نکلے گا، وہ تو انعام حاصل کرے گا اور جس کا نام نہیں نکلا، اس کے پچاس روپے ضائع ہو گئے، تو یہ اپنے مال کو خطرے پر ڈالنا ہے کہ زیادہ نفع والی چیز ملے گی یا اپنا مال ہی چلا جائے گا اور جوا اسی کو کہتے ہیں۔ افسوس کی بات تو یہ ہے کہ علمِ دین نہ ہونے کی وجہ سے کس طرح قربانی جیسی عبادت والے کام میں بھی شیطان نے لوگوں کو حرام وگناہ میں مبتلا کر دیا ہے، لہٰذا دکاندار پر لازم ہے اس قرعہ اسکیم کو ختم کرے اور جس جس سے پچاس روپے بطور ٹوکن لیے ہیں، ان کو واپس کرے۔

اللہ جل جلالہ قرآن مجید میں جوئے کی حرمت کے بارے میں ارشاد فرماتا ہے۔: ﴿ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَ الْمَیْسِرُ وَ الْاَنْصَابُ وَ الْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴾ ترجمہ:

کنزالایمان: "اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور پانسے ناپاک ہی ہیں، شیطانی کام۔ تو ان سے بچتے رہنا کہ تم فلاح پاؤ۔" (القرآن، سورۃ المائدہ، آیت 90)

باطل طریقے پر ایک، دوسرے کے مال کھانے کو سختی سے منع فرمایا گیا ہے۔ چنانچہ ارشادِ خداوندی ہے:

﴿وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ﴾ ترجمہ: ایک دوسرے کا مال ناحق طور پر نہ کھاؤ۔"

(القرآن، سورۃ البقرۃ، آیت 188)

مبسوط میں جوئے کی تعریف سے متعلق ہے: "تعلیق استحقاق المال بالخطر قمار، والقمار حرام فی شریعتنا" ترجمہ: مال کے استحقاق کو خطرے کے ساتھ معلق کرنا جوا ہے اور جوا ہماری شریعت میں حرام ہے۔ (المبسوط للسرخسی، کتاب الاباق، ج11، ص20، مطبوعہ کوئٹہ)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابو حذیفہ محمد شفیق عطاری مدنی

24 ذیقعدۃ الحرام 1439ھ/07 اگست 2018ء

الجواب صحیح

مفتی محمد قاسم عطاری

خوفِ خدا و عشقِ مصطفےٰ کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشا کی نماز کے بعد امیر اہلِ سنّت کا مدنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جمعرات مغرب کی نماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک، دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیتِ ثواب ساری رات گزارنے کی مدنی التجاء ہے

نوٹ! دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔